| ☆ | Roll No ________ |
|---|---|

**S.S.C (Part-I) A/2024**
(For all Sessions)

| Paper Code | 5 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

## اردو لازمی (معروضی)

گروپ - I　　　وقت: 20 منٹ　　　نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D,C,B,A دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مار کر سے فلنگ کریں۔

1.1 حضور ﷺ نے امانتیں واپس کرنے کی ذمہ داری سونپی:
(A) حضرت ابو بکرؓ کو　(B) حضرت عمرؓ کو　(C) حضرت عثمانؓ کو　(D) حضرت علیؓ کو

2۔ مرزا کے دوست کا فرغل تھا:
(A) ریشم کا　(B) چھینٹ کا　(C) سوت کا　(D) لٹھے کا

3۔ سر سید نے 1870ء میں علمی و ادبی رسالہ جاری کیا:
(A) ندوۃُ العلماء　(B) اسبابِ بغاوتِ ہند　(C) تہذیبُ الاخلاق　(D) ہمدرد

4۔ "شاعروں کے لطیفے" میں دربار میں مرشدزادہ کس کی طرف سے عرض لے کر آئے:
(A) ملکہ　(B) مرشدزادی　(C) شہزادی　(D) کنیز

5۔ سردار تجمل حسین کی کوٹھی کا نام ہے:
(A) النشاط　(B) المسرت　(C) الضیاء　(D) التجمل

6۔ "امتحان" میں مصنف نے کمرے کے دروازے کے شیشوں پر چپکا دیا:
(A) اخبار　(B) پھول　(C) گتا　(D) کاغذ

7۔ اُلّو کا ذکر پرانے بادشاہوں نے اکثر کیا ہے:
(A) کتابوں میں　(B) تاریخ میں　(C) روزنامچوں میں　(D) ذاتی تاریخ میں

8۔ محرم بھی ایسا ہی جیسا کہ ہے:
(A) نامحرم　(B) رحیم　(C) کریم　(D) رازق

9۔ خلوتِ اوراق میں نغمہ زن تھے:
(A) بُلبُل　(B) چڑیاں　(C) تیتر　(D) طیور

10۔ خواجہ حیدر علی آتش کے مطابق برہمن کو حسرت رہی:
(A) کام کی　(B) قرض لینے کی　(C) حکومت کی　(D) باتوں کی

11۔ بندر کی مؤنث ہے:
(A) باندری　(B) بندریاں　(C) بندریا　(D) ابندر

12۔ راہبر کا متضاد ہے:
(A) ساتھی　(B) ہمدرد　(C) دوست　(D) راہزن

13۔ قہر کا مترادف ہے:
(A) غضب　(B) ظلم　(C) مزہ　(D) جوش

14۔ نور کی جمع ہے:
(A) چاندنی　(B) روشنی　(C) انوار　(D) کرشمہ

15۔ موت کی جمع ہے:
(A) موتیں　(B) مرگ　(C) مردہ　(D) اموات

205-09-A

ParhloPakistan.com

Roll No ________________

**S.S.C. (Part-I) A / 2024**
**(For all Sessions)**

گروپ - I

## اردو لازمی (انشائیہ)

RWP-I-24

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

-2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (2x5=10)

### حصہ نظم

(i) ہے تیرے گُلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

(ii) تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو
جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلہ تیرا

(iii) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے
قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(iv) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر
یہی میری حُرمت، یہی آبرو ہے

### حصہ غزل

(i) مزا غم کے کھانے کا جن کو پڑا
وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(ii) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے

(iii) ہاں بھلا کر، ترا بھلا ہو گا
اور درویش کی صدا کیا ہے

-3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10)

(الف) شیخ جمن کی ایک بوڑھی بیوہ خالہ تھیں۔ ان کے پاس کچھ تھوڑی سی ملکیت تھی مگر غریب کا وارث کوئی نہ تھا۔ جمن نے وعدے وعید کے سبز باغ دکھا کر خالہ اماں سے وہ ملکیت اپنے نام کرا لی تھی۔

(ب) چند بلیاں گھر میں سارے چوہوں کو ختم کر سکتی ہیں۔ چوہے تو رفع ہو جائیں گے مگر بلیاں رہ جائیں گی۔ بلیاں دن بھر میک اپ کرتی ہیں، ان کی جلد پر طرح طرح کے ڈیزائن ہوتے ہیں۔ موٹی بلیاں اپنے جسم پر لمبائی میں سیدھی دھاریاں بنا لیں تو ان کا موٹاپا چھپ سکتا ہے۔ وہ چھریری اور کیوٹ معلوم ہوں گی۔

-4 ذیل میں سے درج کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (10)

(i) اہل قریش نے حضور ﷺ کو اسلام کی روک تھام کے لیے کیا کیا رعایتیں پیش کیں؟

(ii) غالب نے اپنا چُوغہ کس کو دیا اور کیوں؟

(iii) سبق "کابلی" کے کوئی سے دو مقاصدِ تدریس بیان کریں؟

(iv) مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے؟

(v) دیہاتی لڑکے کی کہانی سُن کر سلیم میاں پر جو اثرات ہوئے تحریر کریں؟

(vi) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
اس شعر میں مشبہ اور مشبہ بہ کی وضاحت کریں۔

(vii) شاعر (امیر مینائی) کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟

(viii) گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

-5 درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ (05)

الف۔ ہوا اور قالین

ب۔ مرزا غالب کے عادات و خصائل

-6 نصاب میں شامل نظم "نعت" کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (05)

-7 مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلایئے۔ **یا** اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے نام بیماری کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

-8 "ہرنی کی دُعا" کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** اُستاد اور شاگرد کے درمیان "تاریخِ پاکستان" کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (05)

-9 درج ذیل جملوں کی درستی کریں۔ (05)

(i) دل کو چاہا تو ضرور آؤں گا۔

(ii) عزیز کو گلاس توڑ دی۔

(iii) شانزہ نے کتاب پڑھی اور سونے چلی گیا۔

(iv) گھوڑے فروخت کر کے سونا۔

(v) میں نے کتاب کو پڑھنا ہے۔

**یا**

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) نہ رہے بانس نہ بجے ____________

(ii) خدمت کو ____________ ہے۔

(iii) شیخی اور ____________

(iv) تخمِ تاثیر ____________

(v) آپ آئے ____________

R



ParhloPakistan.com